
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عذرا خالد

چوتھی جماعت کے لئے



## ٹیچرز کے لئے نوٹ :

جھکڑ ایک ایسی فرضی کہانی ہے۔ جس کے ذریعے بچوں کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے کہ خواہ بری سے بری چیز بھی ہو۔ اچھے برتاؤ کی امید اس سے بھی کی جا سکتی ہے۔ اس کہانی میں جھکڑ جو عام طور پر ماحولیات کے حوالے سے تباہی مچاتا ہے مختلف جگہوں سے گزرتا ہے مگر وہاں موجود چیزوں کو چھیڑے بغیر آگے گزر جاتا ہے۔ اس کہانی کے ذریعے ایک طرف ٹیچر اس سوشل پہلو پر بات کریں گی اور دوسری طرف جھکڑ کے scientific aspect پر بھی کام کروایا جاسکتا ہے۔

اس ہلکے پھلکے انداز میں لکھی گئی کہانی کو پڑھنے کا انداز دلچسپ ہونا چاہئے تا کہ بچوں میں کہانی سے دلچسپی قائم رہے۔

## پہلا سیشن

کتاب جھکڑ کھلوائے۔ آج سبق کا پہلا دن ہے۔ ٹیچر کہانی پڑھ کر سنائیں۔ کہانی الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھیں۔ پڑھنے کا انداز ایسا ہو کہ بچے ٹیچر کی طرف متوجہ رہیں۔ اب کچھ بچوں سے الگ الگ پڑھائی کروائیں۔

بچوں سے زبانی سوال جواب کریں مثلاً

سوال جھکڑ کس کو کہتے ہیں؟
جواب آندھی اور دھول مٹی کے ساتھ چلنے والی ہواؤں کو جھکڑ کہتے ہیں۔

سوال کیا اس کی کوئی آواز ہوتی ہے؟
جواب تیز ہوائیں چلنے سے پتے اور درخت زور سے ہلتے ہیں اور ہوا کی سائیں سائیں بھی شامل ہوتی ہے۔ یہ سب آوازیں مل کر جھکڑ کی آواز کہلاتی ہے۔

سوال اس کے آنے سے کیا ہوتا ہے؟

جواب جب جھکڑ آتا ہے تو پتے اور درخت کی شاخیں زور زور سے ہلنے لگتی ہیں۔ کمزور درخت ٹوٹ جاتے ہیں۔ کبھی کبھی جھکڑ اتنا تیز ہوتا ہے کہ کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ جاتے ہیں۔ بعض دفعہ کچے گھروں کی چھتیں بھی اڑ جاتی ہیں۔

سوال کیا جھکڑ کا آنا پہلے سے معلوم ہو سکتا ہے؟

جواب پرندوں اور جانوروں کو جھکڑ اور طوفان کا پہلے اندازہ ہو جاتا ہے۔ اسی لئے وہ اس کی آمد سے پہلے اپنے گھروں کو واپس آنے لگتے ہیں۔ آج کل کے سائنسی دور میں ایسے آلات ایجاد ہو گئے ہیں جن سے موسم میں تھوڑا بہت ردو بدل بھی پتہ کیا جا سکتا ہے۔

سوال ہواؤں کی اور کون سی مختلف شکلیں ہوتی ہیں؟

جواب تیز گرم ہوا یعنی ''لو'' جس کے چلنے سے لوگ اکثر بیمار بھی ہوجاتے ہیں۔ صبح کی ٹھنڈی ہوا یعنی ''نسیم سحری'' اور ''حبس'' یعنی ہوا کی وہ صورت جب ہوا تقریباً رکی ہوئی ہوتی ہے۔

زبانی سوال جواب کے بعد یہ کام کاپی میں بھی کروائیں۔

## گھر کا کام :

جو سوال جواب رہ گئے ہیں وہ بچے گھر سے کر کے لائیں۔

## دوسرا سیشن

سبق کی پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں

- جھکڑ کہاں چھپ کر بیٹھا تھا؟ (پہاڑ کی اوٹ میں)

- سب لوگ کیوں ڈرے ہوئے تھے؟ (انہیں جھکڑ اور طوفان کی وجہ سے آنے والی تباہی کا خوف تھا)
- جھکڑ کا کیا ارادہ تھا؟ (اس کا ارادہ تھا کہ جگہ جگہ جا کر تباہی مچائے گا)
- جھکڑ جنگل کے اوپر سے بغیر تباہی مچائے کیوں گزر گیا؟ (اسے چھوٹی کبوتری کو چھیڑنا اپنے اتنے بڑے وجود کے لئے بہت چھوٹی بات لگی۔)

یہاں پر بچوں کو یہ بات ضرور بتائیں کہ اس کہانی میں جھکڑ محض ایک افسانوی کردار کی طرح ہے۔ اصل صورت حال میں اگر جھکڑ کبوتر کے قریب سے گزرے گا تو کچھ نہ کچھ تباہی ضرور ہوگی۔

بچے کاغذ کے چھوٹے بڑے ٹکڑے کاٹیں اور بادلوں کے ہلکے گہرے رنگوں میں رنگ لیں۔ اب ٹکڑوں کو ایک دوسرے پر overlap کرتے ہوئے سوفٹ بورڈ پر لگائیں۔ اسی طرح بادلوں کی وہ شکل سامنے آ جائے گی جو طوفان اور بارش سے پہلے ہوتی ہے۔

## تیسرا سیشن

مندرجہ ذیل الفاظ اور ان کے معنی پر کام کروائیں۔

الفاظ معنی : اشارہ ملنا (ارادہ بھانپ لینا) ' دھوم دھڑکا (دھوم دھام سے) ' غل مچاتا (شور کرتا) ' الجھنا (تکرار کرنا وقت ضائع کرنا)

زبانی سوال جواب کا سیشن کریں۔

ٹیچر سوال پوچھیں بچے جواب دیں۔ ٹیچر بات کو آگے بڑھانے میں ان کی مدد بھی کر سکتی ہیں۔

سوال کبوتری پہلے سے ہی ڈری سہمی کیوں بیٹھی تھی؟

جواب پرندہ ہونے کے ناطے اسے پہلے سے جھکڑ کے آنے کا علم ہو گیا تھا۔

سوال اگر جھکڑ جنگل سے بغیر تباہی مچائے نہ گزرتا تو مختلف جانوروں پر کیا گزرتی؟

جواب بہت سے جانور مرجاتے۔ پرندوں کے انڈے زمین پر گر کر ٹوٹ جاتے اور گھونسلے بھی گر جاتے۔

سوال جھکڑ کے علاوہ اور وہ کون سی چیزیں ہیں جن سے پرندے خوف زدہ ہوتے ہیں؟

جواب کتے بلیاں اور دوسرے بڑے جانور جو پرندوں کو کھا جاتے ہیں یا زخمی کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ انسان بھی

جو پرندوں کا شکار کر کے انہیں ختم کرتے ہیں۔ پرندے ان سب سے خوفزدہ رہتے ہیں۔

## گھر کا کام :

اوپر کئے گئے زبانی سوال جواب کو بچے گھر سے کاپی میں کر کے لائیں۔

## چوتھا سیشن

آج پہلے مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی پوچھیں۔ ٹیچر بورڈ پر لکھیں بچے کاپی میں اتاریں۔

**الفاظ معنی :**

چھوڑ چھاڑ (ایک طرف کر دینا)　　افراتفری (مصیبت مچ جانا)　　رخ موڑ لیا (راستہ تبدیل کر لیا)

جھکڑ کے ساتھ پیش آنے والے واقعات کلاس میں بچوں سے سنیں۔ مختلف جگہوں پر پہنچنے کے بعد جھکڑ کے رویئے پر بھی بات کریں۔ پھر بچوں کو بتائیں کہ جھکڑ کی طرح کوئی برا انسان بھی اپنی شخصیت بدل کر اپنا کردار بدل سکتا ہے۔ اس طرح اس کی personality بہتر ہو سکتی ہے۔ ضروری نہیں ہے کہ جو شخص کبھی بری باتیں کرتا رہا ہو وہ ہمیشہ ہی برا رہے۔

کاپیاں کھلوا کر ان جانوروں کی فہرست بنوائیں جو شہر اور دیہات میں لوگوں کے کام آتے ہیں مثلاً

گائے : دودھ دیتی ہے۔ گوشت حاصل ہوتا ہے۔

بیل : کھیتوں میں ہل چلانے کے کام آتا ہے۔

بکری : دودھ دیتی ہے۔ گوشت حاصل ہوتا ہے۔

مرغی : انڈے دیتی ہے اور گوشت حاصل ہوتا ہے۔

کتے :　اگر تربیت کر دی جائے تو کھیتوں اور جانوروں کی حفاظت کرتے ہیں۔

بھیڑ :　ان کے بالوں سے اون تیار ہوتا ہے۔

## پانچواں سیشن

مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھوائیں۔ پہلے بچوں سے پوچھیں پھر کاپی میں لکھوائیں۔

الفاظ معنی :

پلک جھپکے (فوراً)　ٹھٹھرے (سکڑے ہوئے) سائیں سائیں (ہوا کی آواز) آنکھ کھل گئی (جاگ گئے) ہاتھ تاپنا (سردی سے بچاؤ کے لئے ہاتھ گرم کرنا)

اب سوالات پوچھیے۔ زبانی جواب کے بعد بچوں سے کاپی میں لکھوائیں۔

سوال　درزی کیا کام کرتا ہے؟

جواب　درزی کپڑے سیتا ہے۔

سوال　پانچ پیشوں کے نام بتائیں؟

جواب　بڑھئی، معمار، حجام، مکئی والا، ڈرائیور۔

لالٹین کیا ہوتی ہے بچوں کو سمجھایئے۔ یہ بھی بتائیں کہ یہ مٹی کے تیل سے جلتی ہے۔

آج کل کے دور میں روشنی حاصل کرنے کے لئے بلب، ٹیوب لائٹ وغیرہ استعمال ہوتے ہیں۔ مگر گاؤں دیہات میں جہاں جہاں بجلی نہیں پہنچی ہے اب بھی لالٹین استعمال ہوتی ہے۔

آج کا سیشن ان معلومات کے ساتھ ہی ختم کردیں۔

# چھٹا سیشن

پورے سبق کی پڑھائی کے بعد آج کہانی کے آخری حصوں پر بات کریں۔

مثلاً

سوال جھکڑ نے سمندر کے ساتھ ملنا کیوں پسند کیا؟

سوال سمندر کے کیا فائدے ہوتے ہیں؟

سوال سمندر میں طوفان آنے سے کیا نقصانات ہو سکتے ہیں؟

جواب اسے سمندر اپنی ٹکر کا لگا یعنی اس نے سوچا کہ برابری کا مقابلہ ہوگا۔

جواب سمندر سے غذا کے لئے مچھلیاں ملتی ہیں اور سمندر میں آمدورفت کے لئے کشتیاں اور جہاز بھی چلتے ہیں۔

جواب ہوائیں تیز چلتی ہیں۔ کشتیاں الٹ جاتی ہیں۔ ساحلی علاقوں میں بھی پانی آ جاتا ہے۔ اکثر گھر ڈوب جاتے ہیں۔

بچے الفاظ کے معنی لکھیں

**الفاظ اور معنی:** آنکھوں میں چمک آنا (خوش ہو جانا) من موجی (اپنی مرضی کا مالک) ترنگ (اپنی سوچ میں مگن) اچھاڑ پچھاڑ (توڑ پھوڑ)

## گھر کا کام :

جھکڑ کی جو تصویر بچوں کے ذہن میں ابھرتی ہے وہ بنائیں۔ کتاب میں بنی تصویر سے وہ تصویر مختلف بھی ہو سکتی ہے۔ جھکڑ کی خصوصیات بھی لکھ کر لائیں۔

## ساتواں سیشن

کہانی جھکڑ کے معاشرتی پہلوں پر بھی بات کریں۔
مثلاً کسی کو بلا وجہ تنگ کرنا بری بات ہوتی ہے۔ (جھکڑ کی مثال)
ایک دوسرے کا خیال کرنا زندگی گزارنے کا ایک طریقہ۔ (درزی اور اس کی بیوی کی مثال)
انسان اور جانور کا رشتہ (کسان اس کے بیٹے اور جانور کی مثال)

جانوروں کا ہم کس طرح خیال رکھ سکتے ہیں؟ اس عنوان پر بچے چھ سے آٹھ لائنیں لکھیں۔

## آٹھواں سیشن

کہانی کی مکمل پڑھائی کروائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ تصور کریں کہ جن انڈوں پر کبوتری بیٹھی تھی۔ ان سے کبوتر کے بچے نکل آئے ہیں۔ اب وہ کبوتری اپنے ان بچوں کی کیا کہانی سنائے گی۔ مددگار الفاظ کی مدد سے بچے کہانی لکھیں۔

**مددگار الفاظ**

کبوتری۔ خوش۔ جھکڑ۔ دوست۔ انڈے۔
بچے۔ دانہ۔ کھلانہ۔ ڈال۔ کہانی۔

مثال : جب کبوتری کے انڈوں میں سے بچے نکل آئے تو کبوتری خوش تھی۔ وہ روزانہ بچوں کو دانہ کھلاتی اور جھکڑ کی کہانی سناتی کہ کس طرح جھکڑ ان کو تنگ کیئے بغیر گزر گیا اور ان کی جان بچ گئی۔

# جھگڑ

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
مطبع ٹیچرز گائیڈ : کفایت اکیڈمی

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk
@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories